Digitized by Khilafat Library Rabwah

احمدیوں کی دو نقل مکانی خدا کی خاطر ہونی چاہیئے

یہ صرف نیّت کرنے کی بات ہے اس کا اَجر خود خدا تعالےٰ عطا فرما دے گا

روزنامہ الفضل ربوہ
خطبہ نمبر ۱۸
فون ۴۴۹
ایڈیٹر: نسیم سیفی
رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴
جلد ۷۵/۴۰ | جمعرات ۶ ربیع الاول ۱۴۱۱ ھ ج، ۲۷ تبوک ۱۳۶۹ ہش، ۲۷ ستمبر ۱۹۹۰ء | نمبر ۱۷۰

دنیا اپنی بدیوں میں بہت طاقتور ہے اس کا مقابلہ دعا کے بغیر نہیں ہو سکتا

بیرون پاکستان جانے والے احمدیوں کی اکثریت خدا کے فضل سے نیکی کی طرف تبدیلی دکھا رہی ہے

خطبہ جمعہ فرمودہ سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ (الرابع) ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز - بتاریخ ۳۱ ظہور ۱۳۶۹ ہش (۳۱ اگست ۱۹۹۰ء) بمقام بیت الفضل - لندن

اعمال کا دارومدار نیتوں پر

حضور ایدہ اللہ نے فرمایا:
حضرت اقدس محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کا یہ ارشاد بہت گہرے معارف اور حکمتوں پر مشتمل ہے کہ ....
اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہوتا ہے - یہ قانون جو روحانی اور طبعی قانون ہے، اس کا اطلاق انسانی قوانین پر ممکن نہیں کیونکہ یہ حکمت اور بہت گہری حکمت جو اس چھوٹے سے کلمے میں بیان فرمائی گئی ہے اس کا معاملات پر اطلاق تبھی ممکن ہے جب معاملے کا فیصلہ کرنے والا عالم الغیب ہو یا ایسا طبعی قانون ہو جو ہمیشہ انصاف کے ساتھ عمل کرتا ہے۔ پس اس پہلو سے دنیا کے قوانین میں اس حکمت کا کوئی بھی دخل نہیں۔ چنانچہ تمام دنیا میں انسان کے بنائے ہوئے جتنے بھی قوانین ہیں ان کی رُو سے اگر کوئی شخص جرم کر کے یہ ثابت کرنا چاہے کہ میری نیت نہیں تھی تو اس کے اس عذر کی پذیرائی نہیں ہوگی۔ اس کی یہ بات سنی نہیں جائے گی کیونکہ دنیا ظاہر پر فتویٰ دیتی ہے اور ظاہر ہی کا فیصلہ کرتی ہے اور نیتوں کا علم صرف خدا تعالیٰ کو ہے، سوائے اس کے کہ اس نیت کا کوئی ایسا اظہار لوگوں کے سامنے کیا گیا ہو جن کی گواہی قطعی ہو اور جج شک میں پڑ جائے کہ ہو سکتا ہے کہ یہ شخص واقعی نیک نیت کے ساتھ یہ کام کرنے والا ہو۔ ایسی صورت میں بعض دفعہ اس کو شک کا فائدہ دے دیا جاتا ہے۔ مگر ایسے معاملات بہت استثنائی ہیں۔ روحانی قانون میں اور طبعی قانون میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کا بتایا ہوا یہ بنیادی اصول یکساں کارگر ہے۔ اس کے بہت سے پہلو ہیں۔ جو عام طور پر معلوم ہیں وہ تو یہ ہیں کہ اس ارشاد کا تعلق اجر سے ہے اور عموماً لوگ یہی سمجھتے ہیں کہ حضرت اقدس محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی مراد اتنی ہی تھی کہ جو شخص جس نیت سے کوئی عمل کرے گا اس کے مطابق اس کو اجر ملے گا اور وہ عمل خواہ بظاہر نیک ہو اگر نیت بد ہے تو خدا کے ہاں وہ اپنے بد عمل کی جزاء پائے گا اور عمل بظاہر دنیا کو برا دکھائی دیتا ہو لیکن اگر نیت نیک ہو تو اس کی خدا کے ہاں اچھی جزاء عطا ہوگی۔ اس کی بہت سی مثالیں ہیں یعنی دوسرے حصے کی مگر قرآن کریم نے بعض مثالیں اس واقعہ میں پیش فرمائی ہیں جو حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پیش آیا۔ ان کو ایک ایسے بزرگ ساتھی کے ساتھ سفر کا موقعہ ملا کہ جنہوں نے ظاہری طور پر بار بار ایسی حرکات کیں جو دنیا کی نظر میں معیوب اور ناپسندیدہ تھیں اور اس ارتکاب کی حالت میں اگر وہ پکڑے جاتے تو دنیا کا قانون ان کو سزا دیتا۔ مثلاً راہ چلتے کسی کی کشتی کو اس طرح توڑ پھوڑ دینا کہ وہ سمندری یا دریائی سفر کے قابل نہ رہے اور ناکارہ ہو جائے۔ یہ وہ ایک فعل ہے جو دنیا کے لحاظ سے قابل مؤاخذہ ہے یا کسی بچے کو قتل کر دینا، یہ اور بھی زیادہ قابل مؤاخذہ بات ہے اور ان دونوں معاملات میں جب حضرت موسیٰ علیہ السلام پر بات کھولی گئی تو معلوم ہوا کہ نہ صرف نیتیں نیک تھیں بلکہ عملاً خدا کے اذن پر ایسا ہو رہا تھا اور وہ ایک عارف باللہ بزرگ تھے۔ جو اپنی طرف سے کوئی کام نہیں کرتے تھے بلکہ خدا کے اذن کے مطابق وہ معاملات طے کیا کرتے تھے۔ اس معاملے کو جب حضرت اقدس محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے بعض فیصلوں پر اطلاق کر کے دیکھیں تو ان کی حکمت سمجھ آجاتی ہے دنیا کی نظر میں آج بھی آپ کے بعض ایسے ارشادات قابل مؤاخذہ ہیں کہ جن کی رُو سے آپ نے بعض شریروں کے قتل کا حکم دیا۔ درحقیقت وہ بزرگ جو کشفاً حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دکھائے گئے تھے وہ حضرت اقدس محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم ہی تھے اور یہ جو تجربے بیان کئے گئے ہیں ان کی گہری حکمتیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی سیرت اور آپ کی زندگی میں رونما ہونے والے واقعات پر غور کرنے سے معلوم ہو سکتی ہیں۔

امن قائم نہ ہونے کی وجہ

بہرحال عام طور پر اس ارشاد نبوی کا یہی مطلب سمجھا جاتا ہے کہ مراد صرف اتنی ہے کہ جزاء عمل پر نہیں بلکہ اس نیت پر مترتب ہوگی جو عمل سے پہلے ہے۔ ظاہری طور پر خواہ بدی کی گئی ہو خدا جانتا ہے کہ وہ فعل کرنے والے کی نیت کیا تھی۔ اس لئے قیامت کے دن یا دنیا میں بھی جو قانون قدرت ہے اس کی رو سے وہ شخص سزا نہیں پائے گا بلکہ جزاء پائے گا۔ اور اسی طرح نیکیوں کا معاملہ ہے اگر وہ نیک عمل کر رہا ہو لیکن نیت بری ہو تو ایسے نیک اعمال کی بری جزاء ملے گی۔ یہ جزاء کا معاملہ جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے خدا تعالےٰ کے ایسے فیصلے سے تعلق رکھتا ہے جو بالعموم یوم جزاء سزا میں ظاہر ہوگا اور اس کا ایک تعلق قانون طبعی سے ہے اور قانون طبعی بھی خدا کے مزاج کے مطابق ہے۔ اس لئے اگر آپ گہرا غور کر کے دیکھیں تو قانون طبعی بھی دراصل ایسے ہی نتائج ظاہر کرتا ہے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جن کا اعمال سے بڑھ کر نیتوں سے تعلق ہو۔ مثلاً دنیا میں امن کے نام پر دنیا کی بڑی بڑی طاقتوں نے بہت بڑی بڑی کوششیں سرانجام دی ہیں اور بڑے بڑے فیصلے کئے ہیں۔ بعض اوقات جنگیں بھی کی گئیں لیکن مقصد یہ بتایا گیا کہ امن کا قیام پیش نظر تھا اس لئے بعض صورتوں میں جنگ ضروری ہوگئی۔ اگر تو واقعۃً نیت امن کا قیام ہو اور انصاف کے ساتھ تمام ایسے معاملات میں جہاں امن کو خطرہ درپیش ہو ویسا ہی ردعمل ظاہر ہوتا ہو جو نیک نیت کے نتیجے میں ظاہر ہونا چاہیئے تو یقیناً ان کوششوں کے نتیجے میں دنیا میں ایک دیرپا امن قائم ہو سکتا ہے مگر بار بار کی ایسی کوششوں کے باوجود جو گذشتہ تقریباً ایک صدی پر پھیلی پڑی ہیں۔ دنیا آج تک امن سے محروم چلی آرہی ہے اور خطرات ہیں کہ دنیا کا پیچھا نہیں چھوڑ رہے۔ ایک خطرے کو ٹالا جاتا ہے تو دوسرا خطرہ سامنے آکھڑا ہوتا ہے اور دنیا کو وہ امن نصیب نہیں ہوا جس کے نتیجے میں دل و جان کو چین ملتا ہے بلکہ ظاہری امن کے باوجود دنیا بے چین دکھائی دیتی ہے اور بے قراری ہے کہ بڑھتی چلی جارہی ہے۔

پس اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کا یہ قانون کہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ یہ درپردہ کام کرتا چلا جارہا ہے خواہ ان لوگوں کو محسوس ہو یا نہ ہو چنانچہ نیتوں میں چونکہ فساد ہوتا ہے اور خود غرضیاں ہوتی ہیں اس لئے امن کے نام پر کئے جانے والے سب فیصلوں میں رخنے پڑ جاتے ہیں۔ پس اعمال کا دارومدار نیات پر ہونے کا ایک مطلب یہ بنتا ہے کہ اگر نیتوں میں فساد ہو تو اعمال اس فساد سے بچ نہیں سکتے اور جلد یا بدیر ان اعمال پر ان بدنیتوں کا اثر ظاہر ہونا شروع ہو جاتا ہے اور ان اعمال میں ایسا رخنہ پڑ جاتا ہے کہ جس کے نتیجے میں وہ صالح اعمال نہیں کہلا سکتے اور ان کے نتیجے میں نیک نتائج نہیں نکل سکتے۔

نیت نیک ہونے کی ایک مثال

اسی طرح بدی کی بات ہے جو دنیا کو بدی نظر آتی ہو لیکن نیت نیک ہو اس کی بھی بہت سی مثالیں ہیں اور ان میں بھی بالعموم آخر نیک نیت ہی کامیاب ہوتی ہے اور بدی کا نتیجہ بد نہیں نکلتا (سوائے اس کے کہ جو اللہ تعالیٰ چاہے) یہ ایک الگ بحث ہے کہ کیوں بعض دفعہ استثناء ہوتے ہیں۔ اس وقت میں اس میں نہیں جانا چاہتا لیکن میں آپ کے سامنے مثال رکھتا ہوں کہ ایک دفعہ کرنل محمد حیات قیصرانی صاحب جو بہت ہی مخلص اور فدائی احمدی تھے اور بہت قابل سپاہی اور بہت بہادر اور بے خوف سپاہی تھے انہوں نے مجھے یہ بتایا کہ آزاد کشمیر میں ان کو آزاد کشمیر کی فوج کے ساتھ بہت لمبا عرصہ کام کرنے کا موقعہ ملا ہے۔ اور اس کے علاوہ پاکستان کی دوسرے علاقوں کی فوجوں کے ساتھ بھی وہ وابستہ رہے ہیں ویسے تو وہ بلوچ رجمنٹ کے تھے۔ کہتے ہیں کہ میں نے کسی علاقے کا سپاہی اتنا اچھا نہیں دیکھا جتنا آزاد کشمیر کا سپاہی ہے۔ اس میں بہادری بھی ہے۔ اس میں قربانی کا جذبہ بھی ہے اور عقل سے بھی کام لیتا ہے۔ اس کی ایک مثال انہوں نے یہ دی کہ ایک دفعہ باقاعدہ جنگ تھی یا ہندوستانی کشمیر کے ساتھ چپقلش چل رہی تھی تو کرنل صاحب کی چونکہ عادت تھی کہ وہ ہمیشہ خطرے کے مقام پر آگے بڑھ کر سب سے پہلے اپنے آپ کو پیش کیا کرتے تھے۔ اس لئے اس عادت کے مطابق وہ ایک مہم کے دوران آگے بڑھ کر ایک ایسے مقام پر پہنچے کہ جہاں وہ دشمن کی گولی کا نشانہ بنائے جا سکتے تھے ان کے قریب ہی پیچھے ان کا ایک جونیئر افسر جو آزاد کشمیر سے تعلق رکھتا تھا وہ بھی آرہا تھا اس کی نظر پڑی کہ سامنے کے مورچے سے ایک ہندوستانی سپاہی نے بندوق کا نشانہ کرنل صاحب کو بنایا ہے۔ پیشتر اس کے کہ وہ لبلبی دبا سکتا یعنی وہ ٹریگر کو دبا دیتا اور وہ کچھ کر نہیں سکتا تھا، اس نے اچانک بہت زور کے ساتھ تھپڑ مار کے کرنل صاحب کو گرا دیا اور اس دوران وہ خود اس خطرے کے مقام پر آگے آگیا۔ یہ اللہ تعالیٰ نے اس پر فضل فرمایا کہ وہ خود بھی مجروح نہیں ہوا اور اس پر گولی کا نشانہ ٹھیک بیٹھ نہیں سکا لیکن گولی چلائی ضرور گئی۔ اب یہ ایک مثال ہے اگر فوج میں کوئی سپاہی کسی افسر کو تھپڑ مارے اور پھر اس طرح ذلت کے ساتھ گرا بھی دے تو یہ ایک بہت بڑا جرم ہے۔ بعض دفعہ اس کے نتیجے میں اس کو بہت سنگین سزا مل سکتی ہے۔ لیکن وہاں نیت یہ تھی کہ افسر کو بچایا جائے اور اس نیک نیت کی وجہ سے وہ جو بدی تھی اس کو بھی نیکی کا ایک رنگ مل گیا اور ہمیشہ کرنل صاحب یہ واقعہ اس کی تعریف میں بیان کیا کرتے تھے۔ ایک ظاہری بدی ہے لیکن نیت نے اس کو حسن عطا کر دیا۔

خدا کی خاطر نقل مکانی

اس لئے قانون طبعی بھی جاری و ساری ہے اور یہاں خدا کی طرف سے جزاء دینے کا معاملہ نہیں تھا لیکن ایک طبعی نتیجے کے طور پر وہ بدی نیکی پر منتج ہوگئی اور پھر اس کی جزاء اس کو اس طرح ملی کہ اس کا ذکر خیر جاری ہوا۔ تو اعمال کا انحصار یقیناً نیتوں پر ہوا کرتا ہے لیکن بعض صورتوں میں نیتوں کا انحصار بھی اعمال پر ہوا کرتا ہے اور یہ مضمون آگے جا کر زیادہ گہرا اور الجھا ہوا دکھائی دینے لگتا ہے۔ اس کی طرف میں رفتہ رفتہ آپ کو متوجہ کروں گا۔ لیکن اس وقت میں خصوصیت سے یہ بات آپ کے سامنے رکھنی چاہتا ہوں کہ جماعت احمدیہ کو پاکستان میں جو حالات درپیش ہیں ان کے نتیجے میں بہت سے احمدیوں نے وہاں سے ترک وطن کیا ہے اور میں نہیں جانتا کہ ان سب کے پیش نظر حضرت اقدس محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی یہ نصیحت تھی یا نہیں تھی۔ جہاں تک حالات کی مجبوری کا تعلق ہے اس کا سب پر یکساں اطلاق ہو رہا ہے۔ اور بندے کو یہ حق نہیں ہے کہ کسی کے متعلق یہ فیصلہ کرے کہ اس کی پاکستان سے چلنے سے پہلے خدا کی خاطر (نقل مکانی) پیش نظر نہیں تھی بلکہ دنیا کی خاطر (نقل مکانی) پیش نظر تھی۔ اس لئے دنیا کے لحاظ سے تو وہ سارے (اللہ کی خاطر نقل مکانی کرنے والے) ہی کہلائیں گے۔ اور اگر ان کی نیتیں خاص طور پر خدا کی خاطر ایسی جگہ جانے کی نہیں تھیں جہاں انہیں اعلائے کلمۃ اللہ کی آزادی ہو جہاں وہ آزادی کے ساتھ ... خدا کا ذکر کر سکیں۔ (دعوت الی اللہ) کر سکیں تو بھی اس حد تک ان کی نیتوں میں ایک صفائی موجود ہے کہ وہ خدا کی خاطر ستائے ضرور گئے تھے اور ان میں یہ طاقت نہیں تھی کہ ان آزمائشوں کا مقابلہ کر سکتے، اس لئے وہ جگہ چھوڑنے پر مجبور ہوئے ایسی (نقل مکانی) کو بھی (اللہ کے لئے نقل مکانی) کہا جا سکتا ہے۔ وہ (نقل مکانی) الی اللہ نہیں ہوگی۔ وہ (نقل مکانی) جو "للہ" بھی ہو اور "الی اللہ" بھی ہو وہ ہجرت درحقیقت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم اور آپ کے غلاموں کی ہجرت تھی۔ اس سے پہلے ایک ایسی ہجرت تھی جو للہ کہلا سکتی ہے۔ "الی اللہ" کا محاورہ غالباً اس پر صادق نہیں آتا۔ یعنی ہجرت حبشہ۔ کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے ایک موقعہ پر یہ بھی فرمایا کہ ... کہ جس شخص کی ہجرت خدا اور رسول کی طرف ہو وہ خدا اور رسول کو پالیتے ہیں۔ تو جس وقت ہجرت حبشہ ہوئی ہے اس وقت تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم مصائب میں گھرے ہوئے اپنے اور بہت سے مخلصین کے ساتھ مکہ میں موجود تھے۔ دو دفعہ ہجرت حبشہ ہوئی اور اس کے بعد پھر ایک لمبا عرصہ تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم مکہ ہی میں مقیم رہے تو وہ ہجرت الی اللہ و رسولہ ان معنوں میں نہیں کہلا سکتی کیونکہ رسول تو خود بغیر ہجرت کے وہاں بیٹھا ہوا تھا۔ مگر یقیناً وہ للہ تھی۔ یعنی اس میں خدا کے تعلق کا ایک دخل تھا۔ خدا کی خاطر تکلیفیں اٹھانے والے جب ایک ایسے حال کو پہنچے کہ بات ان کی حد برداشت سے بڑھ گئی تو انہوں نے ہجرت کی جو یقیناً اللہ کی خاطر تھی مگر اللہ اور اللہ کے رسول مکہ میں اس سے زیادہ موجود تھے۔ اپنے تعلق کے لحاظ سے جتنا اس وقت وہ حبشہ میں کہیں موجود ہوں گے۔ یعنی خدا کی ذات تو ہر جگہ ہے لیکن اپنے تعلق اور اظہار کی رو سے وہ بعض جگہ زیادہ عیاں ہوتی ہے اور بعض جگہ کم عیاں ہوتی ہے تو سب سے زیادہ خدا کا جلوہ تو مکہ میں روشن تھا جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم تھے تو اسی سے استنباط کرتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ بعض ایسے لوگ بھی ہوں گے جن کی (نقل مکانی) میں یہ نیت داخل نہیں ہوگی کہ ایسی سرزمینوں کی طرف جائیں جہاں خدا کا نام لینے کی آزادی ہو۔ جہاں خدا کا نام دوسروں تک پہنچانے کی آزادی ہو اور اس سے ہم خدا کا قرب حاصل کریں مگر چونکہ خدا کی خاطر ستائے گئے ہیں اس لئے للہ کہنا جائز ہے لیکن کچھ اور بھی لوگ ہو سکتے ہیں اور بعض نتائج مجھے بتا رہے ہیں کہ ایسے لوگ ہیں جن کی نیت دراصل دنیا کی خاطر (نقل مکانی) ہے اور جب یہ بات (نقل مکانی) کی نیت میں داخل ہو جائے تو (نقل مکانی) ثواب سے بھی محروم ہو جاتی ہے اور نیک اثرات سے بھی محروم ہو جاتی ہے۔

ہجرت کے متعلق قرآنی وعدے

ہجرت کے متعلق قرآن کریم میں کچھ وعدے دیئے گئے ہیں کہ جو خدا کی خاطر خدا کی طرف ہجرت کرنے والے ہیں ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ یہ سلوک فرمائے گا۔ ان وعدوں کا تعلق انہیں ہجرتوں سے ہے جو "للہ" ہوں اور "الی اللہ" ہوں، دوسری ہجرتوں سے ان وعدوں کا کوئی تعلق نہیں۔ پس ایسے لوگ ان باتوں سے محروم رہ جاتے ہیں اور عملاً ہمارے ملک میں بدقسمتی سے نیتوں میں اس حد تک فتور داخل ہو چکا ہے کہ نیتوں کا فتور ہماری زندگی کے ہر شعبے میں داخل ہو گیا ہے اور بچپن سے ہی لوگوں کے مزاج میں نیتوں کا فتور پایا جاتا ہے۔ اس لئے باوجود اس کے کہ ہم خدا تعالیٰ سے توقع

Digitized by Khilafat Library Rabwah

رکھتے ہیں کہ احمدی اس پہلو سے خدا کے نزدیک سرخرو ٹھہریں گے مگر عملاً یہ بات معلوم کرنا بہت مشکل ہے اور بسا اوقات (نقل مکانی) کرنے والوں کو بھی معلوم نہیں ہوتی چنانچہ بعض (نقل مکانی) کرنے والے ایسے بھی ہو سکتے ہیں جن کی نیت خالصۃً دنیا کمانا ہو اور دنیا کے آرام حاصل کرنا ہو۔ ایسے (نقل مکانی) کرنے والے بھی ہو سکتے ہیں جنہوں نے ان دونوں باتوں کو ملا دیا ہے اور ان پر خدا تعالیٰ کی طرف سے نرمی کے سلوک کے اس وعدے کا اطلاق ہو سکتا ہے جس میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ بعض ایسے لوگ ہیں جو نیک اعمال کو بد اعمال کے ساتھ ملا دیتے ہیں۔ ان کا معاملہ خدا پر ہے چاہے تو ان سے بخشش کا سلوک فرمائے چاہے تو ان کو پکڑے تو ایسے لوگ جو ہیں ان کے لئے بھی یہی دعا کرنی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ بخشش کا ہی سلوک فرمائے اور ان کی نیتوں میں جو نیکی کا عنصر شامل تھا اسے غالب کرتا چلا جائے اور بدی کے عنصر کو مٹاتا چلا جائے۔

کچھ ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جنہوں نے اپنے باہر جانے والے دوستوں سے مغربی تہذیب کی آزادی کے ذکر سنے ہوئے ہوتے ہیں۔ انہوں نے یہ سنا ہوتا ہے کہ وہاں اس قسم کی سہولتیں مہیا ہیں کہ انسان قانون کی نظر میں مجرم بنے بغیر کئی قسم کے جرائم کا ارتکاب کر سکتا ہے۔ عیاشی کے ایسے سامان موجود ہیں جن سے متعلق دنیا تعارض نہیں کرتی اور جب چاہے انسان جس طرح بھی چاہے عیاشی کی زندگی بسر کرے۔ ان کی نیتوں میں اگر یہ بات داخل ہو تو خواہ وہ ملک (نقل مکانی) کرنے والے دکھائی دیتے ہوں ایک اور قانون ضرور عمل کرے گا اور وہ قانون یہ ہے کہ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی ہجرت پھر اسی طرف ہوگی جس طرف اس کی نیت تھی یعنی نقل مکانی کے باوجود وہ خدا کو پانے کی بجائے بدقماش لڑکیوں کو پالے گا۔ (نقل مکانی) کے باوجود وہ خدا کو پانے کی بجائے شراب اور جوئے اور اس قسم کی بداعمالیوں کو پالے گا اور اس کا دنیا میں جو انجام ہوگا وہ ظاہر کرے گا کہ اس کی نیت کیا تھی۔ پس جہاں تک (نقل مکانی کرنے والوں) کا تعلق ہے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ فلاں شخص کی نیت یہ تھی اور فلاں کی یہ تھی مگر عمومی نصیحت کے ذریعے ان کو متوجہ کرنا ضروری ہے کہ اگر پہلے تمہاری نیتوں میں فتور تھا بھی تو اسے خوب کھنگال کر معلوم کرو اور اپنی نیتوں کو اب بھی صاف کر لو کیونکہ جب تک عمل نیتوں سے رنگین نہیں ہو جاتے اس وقت تک توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔ عمل جب نیتوں سے رنگین ہو جاتے ہیں تو پھر معاملہ خدا اختیار سے باہر نکل جاتا ہے۔ اس لئے ان کے یہاں کے اعمال یہ فیصلہ کرنے والے ہیں کہ وہ کس نیت سے چلے تھے۔ بہت سے ایسے (نقل مکانی کرنے والے) میں نے دیکھے ہیں جو وہاں جماعتی نقطہ نگاہ سے اچھے اعمال کرنے والے لوگ نہیں تھے۔ نہ وہ چندے دیتے تھے۔ نہ وہ نمازوں کی طرف متوجہ تھے نہ جماعتی خدمت میں حصہ لیا کرتے تھے لیکن یہاں آنے کے بعد دن بدن ان کے حالات سنورنے شروع ہو گئے۔ نمازوں کے عادی بن گئے۔ جماعت کے تعلق میں آگے بڑھ گئے اور چندوں اور قربانیوں میں ..... غیر معمولی نمونے دکھانے لگے۔ ایسے لوگوں کے حال پر جب میں نظر ڈالتا ہوں تو مجھے حضرت اقدس محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کا یہ ارشاد یاد آجاتا ہے کہ جس کی ہجرت اللہ کی خاطر اللہ کی طرف ہوگی وہ ضرور خدا ہی کو پائے گا۔ اور اس کی یہ کوشش رائیگاں نہیں جائے گی۔ چنانچہ جو عظیم انقلاب برپا ہوا ہے وہ انقلاب جو پاکستان سے آنے والوں میں کثرت کے ساتھ برپا ہوا ہے جس کے نمونے ظاہر و باہر ہیں یہ درحقیقت حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی اس خوشخبری کے نتیجے میں ہی ہے اور ہم اس کے نیک اثرات دیکھ رہے ہیں لیکن یہ جو معاملہ ہے کہ انسان نیتوں کی وجہ سے اپنے اعمال پر غالب آجائے یہ ایک دو دن کا معاملہ نہیں ہے۔ یہ ایک لمبا اور محنت طلب سفر ہے۔ نیت اگر اچھی ہو اور انسان کے اعمال میں بدی کا غلبہ ہو تو نیت کو اعمال پر غالب آنے کے لئے ایک لمبا وقت درکار ہوا کرتا ہے۔ اس کے لئے لمبی توجہ کے ساتھ محنت کرنی پڑتی ہے کیونکہ بداعمالیاں اتنی آسانی سے انسان کا پیچھا نہیں چھوڑا کرتیں بعض قسم کے ایسے اعمال ہیں جن کی مثال آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو جہنم میں اس طرح دکھائی گئی کہ ایک شخص آگ کے تنور میں پڑتا ہے پھر وہ باہر نکلتا ہے۔ اور پھر نجات پانے کی بجائے دوبارہ تنور میں داخل ہو جاتا ہے پھر وہ باہر نکلتا ہے پھر وہ دوبارہ داخل ہو جاتا ہے اور اس نظارے کا یہ مفہوم آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو بتلایا گیا کہ بعض شہوانی غلبے ایسے ہیں جو انسان کو اسی حالت میں مبتلا رکھتے ہیں ؎

رات پی زمزم پہ مے اور صبح دم ــــ دھوئے دھبے جامۂ احرام کے

نیتوں کو صاف کرنیکی زبردست جدوجہد

ہر رات یہی ہوتا ہے اور ہر صبح یہی ہوتا ہے کہ بعض لوگ نیت کرتے ہیں بدیوں سے نکلنے کی اور یہ ان کی مثال ہے ورنہ وہ لوگ جو بدیوں سے نکلنے کی نیت ہی نہیں کرتے وہ تو ہمیشہ تنور میں ہی رہتے ہیں۔ یہ نظارہ ان لوگوں کا دکھایا گیا ہے جو بدیوں سے نکلنے کی نیت کرتے ہیں جب ان کی خواہشات اطمینان پا جاتی ہیں اور جب خواہشات جوش مارتی ہیں تو دوبارہ پھر اس تنور میں جا پڑتے ہیں۔ اس نظارے میں انسانی نفسیات کا ایک بہت گہرا پہلو بھی دکھلایا گیا ہے اور وہ پہلو یہ ہے کہ اگر کوئی شخص نیک نیتی سے اپنے اعمال میں تبدیلی پیدا کرنا چاہتا ہو تو جب اس کو بدی کے نتیجے میں تسکین حاصل ہو چکی ہو اس وقت نیت نہ کرے بلکہ جب بدی کی غلبہ مار رہی ہو اور جوش دکھا رہی ہو اس وقت نیت کرے اور اس وقت اس پر غالب آنے کی کوشش کرے۔ اگر ایسا کرے گا تو دوبارہ اس تنور میں نہیں پڑے گا۔ بار بار تنور سے نکلنے کا مطلب یہ ہے کہ بدی کو تسکین مل گئی اور بار بار داخل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب باہر آگیا تو کچھ دیر کے بعد پھر جوش پیدا ہوا اور پھر انسان اسی گناہ میں مبتلا ہو گیا تو یہ گناہوں میں سے ایک گناہ کی مثال ہے۔ ایسے ہزار ہا گناہ ہیں جن میں انسان اسی طرح مبتلا ہوتا ہے اور اسی طرح ان گناہوں کے ساتھ اس کی کشمکش رہتی ہے لیکن کشمکش بھی انہیں لوگوں کی رہتی ہے جن کا نفس لوامہ زندہ ہو۔ جن کا دل انہیں بار بار کوئے ملامت کو لے کے جائے اور بار بار شرمندگی کا احساس ہو۔ ان کے لئے بھی گناہوں پر غالب آنا کوئی آسان کام نہیں ہے بلکہ یہ نظارہ ہمیں بتاتا ہے کہ بہت سے بدنصیب ایسے ہیں جو بالآخر ایسی حالت میں مرتے ہیں کہ وہ تنور کے اندر تھے۔ تنور کے باہر نہیں تھے کیونکہ جو تنور کے باہر مرنے والے ہیں ان کا یہ نظارہ نہیں ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو دکھایا گیا۔ جو بد حالت پر مرتا ہے اس کو سزا ملتی ہے۔ جو نیک حالت پر مرتا ہے اس کا نیک انجام ہوتا ہے اس لئے صرف ایک مثال سے آپ سمجھ جائیں گے کہ اگر نیتوں کو یہاں آنے کے بعد بھی درست کر لیا جائے تو پھر کتنی بڑی جدوجہد کا آغاز ہونے والا ہے۔ اور بہت لمبا وقت چاہیئے اور پھر درمیان میں ایک مشکل یہ ہے کہ نیتوں کا پتہ بھی نہیں چلتا کیونکہ ایک نیت کا اگر علم حاصل بھی ہو اور انسان سمجھ لے کہ میں اس معاملے میں ہمیشہ بدنیت رہا کرتا تھا اور میں نے اپنے آپ کو دھوکے میں مبتلا رکھا تھا، اس کے باوجود بہت سے دوسرے ایسے گناہ، بہت سے دوسرے ایسے عوارض ہیں جن کی تشخیص کرنا ہر کس و ناکس کا کام نہیں ہے اور ہر انسان کے لئے بڑا مشکل معاملہ ہے کہ وہ اپنے گناہوں کی اس طرح تشخیص کر سکے کہ وہ جان لے کہ میری نیت بدی اس لئے بدنتائج نکلے ہیں۔ قرآن کریم نے حضرت آدمؑ کی بریت دیکھیں کس خوبصورت انداز میں بیان فرمائی۔ جہاں فرمایا کہ ..... کہ آدمؑ خود تو بار بار توبہ کر رہا تھا اور استغفار کر رہا تھا اور کہتا تھا کہ میں گناہگار ہوں لیکن خدا جو نیتوں کی گہرائیوں سے واقف ہے وہ یہ اعلان کرتا ہے کہ ہم نے اس میں بدی کا عزم نہیں پایا تھا۔ اس لئے تم غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو جانا کہ خدا نے ایک ایسے شخص کو نبی کے طور پر چن لیا جس کی نیتوں میں فتور داخل تھا۔ اس کی نیت صحیح تھی۔ اس کے باوجود اس سے غلطی ہوئی۔

نقل مکانی کرنیوالوں کی اکثریت اصلاح پذیر ہے

پس چونکہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہوتے) کا قانون ہر چیز پر حاوی اور غالب ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس غلطی کے بد اثرات سے بچا لیا۔ پس نیتوں کا معاملہ بہت ہی باریک ہے اور آخری طور پر اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ کسی کی نیت کیا ہے۔ اس لئے نیت کی پہلی اصلاح تو یہ ہونی چاہیئے اور وہ پہلا اور سب سے اہم قدم ہے کہ انسان غور کرے کہ میں کیوں (تارک وطن) بن کے اپنے وطن سے نکلا تھا اور اگر نیت میں اس بات کا غلبہ نہ ہو کہ میں اللہ کی طرف جا رہا ہوں اور خدا کے ساتھ تعلق کے لئے مجھے وہاں زیادہ سازگار ماحول میسر آئے گا اور خدمت دین کی آزادی میسر ہوگی تو پھر ایسا شخص خطرات کے مقام پر کھڑا ہے یعنی ضروری نہیں کہ وہ خطروں میں مبتلا ہو بلکہ بعض دفعہ (نقل مکانی) سے پہلے کی خدا کی راہ میں اٹھائی ہوئی تکلیفیں اس کو سنبھال لیتی ہیں اور ان تکلیفوں کی جزاء اس کی نیتوں کی اصلاح کا موجب بن

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جاتی ہے ۔ اس لئے عملاً بالارادہ وہ نیت کی اصلاح نہ بھی کرے تب بھی خدا تعالیٰ ان تکلیفوں کی جزاء اسے دیتا ہے جو اس نے خدا کی خاطر اپنے وطن میں برداشت کی تھیں اور اس کے نتیجے میں نیتوں کی اصلاح بھی شروع ہو جاتی ہے اور ساتھ ساتھ اعمال کی اصلاح بھی شروع ہو جاتی ہے مگر نیت میں اگر بدی کا عنصر غالب ہو تو پھر یہ بہت خطرے کا مقام ہے ۔ ایسے لوگ پھر وہاں اگر اپنی بداعمالیوں کو چھپائے ہوئے تھے تو اس ماحول میں آکر وہ زیادہ ننگے اور زیادہ دلیر ہوتے چلے جاتے ہیں اور بالآخر ان کا بد انجام ہوتا ہے ۔ جس سے کوئی بچا نہیں سکتا ، تو وہ (تارکین وطن) جو اب تک تشریف لائے ہیں جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے ، عمومی طور پر میرا یہی تاثر ہے اور مجھے اطمینان ہے کہ اللہ کے فضل کے ساتھ یا اُن کی نیتیں خالص تھیں یا اُن کی نیتوں میں نیکی کا عنصر غالب تھا یا (نقل مکانی) للہ مزید تھی ۔ تکلیفیں اٹھا کر اُن سے گھبرا کر نکلے تھے یا انہوں نے خدا کی خاطر کچھ ایسے دکھ اٹھائے تھے جو ظاہری طور پر دنیا کو نہ بھی معلوم ہوں لیکن دل اُن کے ہمیشہ خدا کی خاطر دکھوں میں مبتلا رہے ، ان کی جزاء کے طور پر خدا نے ان کی نیتوں کی اصلاح فرما دی مگر جو بھی ہوا اکثر صورتوں میں خدا کے فضل سے وہ لوگ جو (نقل مکانی) کر کے باہر نکلے ہیں وہ اصلاح پذیر ہیں لیکن نظام جماعت کو ان پر نظر رکھنی چاہیئے اور مسلسل کوشش کرنی چاہیئے کیونکہ جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے اصلاح کا معاملہ ایک بہت ہی مشکل معاملہ ہے ۔ ہزار بار بھی آپ کو سمجھاؤں تو آپ پوری طرح سمجھ نہیں سکیں گے کہ کتنا مشکل ہے اس لئے دعاؤں کے ذریعہ بھی ان کی مدد کریں اور اپنی مدد بھی کریں اور جہاں تک نظام جماعت کا تعلق ہے کوشش کر کے ایسے لوگوں پر نظر رکھے جو رفتہ رفتہ بدی کی طرف بڑھ رہے ہوں کیونکہ وہی سب سے بڑے خطرے میں مبتلا ہیں اور گھیر کر اُن کو ، ہر طرح سے ذرائع اصلاح کو بروئے کار لاتے ہوئے ان کو واپس لانے کی کوشش کریں اور جو نیکیاں کر رہے ہیں اُن کی حوصلہ افزائی کریں ۔ ان کو احساس پیدا ہو کہ ہم خدا کے فضل سے پہلے سے اچھے ہوتے چلے جا رہے ہیں ۔ اس طرح (اللہ نے چاہا تو) رفتہ رفتہ جماعت احمدیہ کے وہ عناصر بھی جو بہت سی بدیوں میں مبتلا تھے اور وہی بدیاں لے کر باہر آگئے وہ (اللہ نے چاہا تو نقل مکانی) کی برکت سے خدا کے فضل سے اصلاح پذیر ہوتے چلے جائیں گے اور ایک نئی جماعت پیدا ہونی شروع ہو جائے گی ۔ اور دنیا کے لحاظ سے بھی خدا کے وعدے اُن کے حق میں پورے ہوں گے اور بہت سی وسعتیں اُن کو عطا ہوں گی ۔ لیکن جو بدارادوں سے آئے ہیں اور دن بدن بدیوں میں مبتلا ہو رہے ہیں اُن کے لئے نہ دین رہے گا نہ دنیا رہے گی اور دونوں طرف سے وہ نامراد دکھائے جائیں گے ۔ اس لئے میں ان کو متنبہ کرتا ہوں کہ اگر کچھ غلط قدم اٹھائے گئے ہیں تو توبہ کریں اور اپنی (نقل مکانی) کو خدا کی خاطر بنانے کی کوشش کریں ۔ اس کی پناہ میں آئیں اور پھر دین بھی ان کو عطا ہوگا اور دنیا بھی عطا ہوگی ۔

نیتوں کا اعمال پر دارومدار

جہاں تک اعمال کا نیتوں پر دارومدار ہے وہ تو میں نے بیان کیا ۔ اس کا ایک دوسرا حصہ ہے نیتوں کا اعمال پر بھی دارومدار ہوا کرتا ہے اور دراصل یہ ایک VICIOUS CHAIN ہے VICIOUS CIRCLE ہے ۔ یعنی ایسی بدیوں کا ایک دائرہ ہے جو مزید بدیاں پیدا کرتی چلی جاتی ہیں اور پھر اُن کے بچے بڑے ہو کر پہلی بدیوں کو مزید تقویت دیتے ہیں ۔ اس طرح بدیاں بڑھنے کا ایک مسلسل سلسلہ شروع ہو جاتا ہے ۔ جتنے بھی ممالک مثلاً مشرقی دنیا کے ممالک ہیں اُن کے اندر بعض برائیاں ہیں جو اسی طرح بد نیتوں کو جنم دیتی ہیں اور مغربی دنیا میں بھی بعض برائیاں ہیں جو بعض بد نیتوں کو جنم دیتی ہیں ۔ مثلاً یہاں فحشاء عام ہو گئی ہے اور اس کی حیاء اُٹھ گئی ہے ۔ اس کے نتیجے میں ٹیلی ویژن وغیرہ کے ذریعے یا اخبارات اور تصاویر کے ذریعے جو چھوٹی نسلیں ان باتوں کو دیکھتی ہیں ۔ باوجود اس کے کہ بلوغت کو نہیں پہنچی ہوتیں اُن کی نیتوں میں یہ بات داخل ہو جاتی ہے کہ جب ہمیں توفیق ملے گی ہم اسی قسم کی بدیاں کریں گے اور جب نیتیں بد ہو جائیں تو دوسرے قومی اصلاحی ذرائع پھر ناکام ہو جایا کرتے ہیں ۔

مشرقی دنیا میں رشوت ستانی عام ہے اور اپنی طاقت کا ناجائز استعمال اور طاقت سے ناجائز استفادہ ایک عام بیماری ہے ۔ چنانچہ وہاں اگر آپ غور سے دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ بھاری تعداد میں طالب علم اس نیت کے ساتھ بعض (پیشوں) PROFESSIONS کو اختیار کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنے بڑوں کو دیکھا ہوتا ہے کہ اس PROFESSION میں جا کر انہوں نے اسطرح دنیا کمائی اور اسطرح وہ بڑے بڑے محلات بنانے میں کامیاب ہو گئے اور ایک اعلیٰ قسم کی زندگی بسر کرنے میں کامیاب ہوئے ۔ اگر فوج کا کردار گندا ہو مثلاً اور فوجی افسر بننے کا مطلب یہ ہو کہ بڑے بڑے پلاٹ ملیں گے ، دنیا کی رعایتیں ملیں گی اور انسان اپنی من مانی کارروائی کر سکے گا اور قانون کی دست برد سے بالا رہے گا ۔ اگر یہ منظر کوئی قوم پیش کر رہی ہو یا کسی قسم کی فوج پیش کر رہی ہو تو فوج میں جانے والے جو بچے ہیں اُن کی نیتوں میں شروع میں ہی یہ فتور داخل ہو جاتا ہے ۔ وہ اس نیت سے فوج میں نہیں جاتے کہ ہم اپنی جانیں پیش کریں گے اور ملک کے دفاع کی خاطر یہ یہ قربانیاں کریں گے اور اس طرح اپنی قوم کی عزت بچانے کیلئے اپنی عزتیں مٹا دیں گے ۔ بلکہ شروع سے ہی نیت یہ ہوتی ہے کہ جب ہم بڑے ہوں گے اور فوجی افسر بنیں گے تو اسی طرح ہم قوم کے اموال پر قابض ہو جائیں گے ، قوم کی عزتوں پر قابض ہو جائیں گے ، قوم کے وقار پر قابض ہو جائیں گے جس طرح وہ لوگ جو ہمیں دکھائی دے رہے ہیں انہوں نے قوم کے ساتھ سلوک کیا تو وہ بد اعمالیاں جو قوم پر غالب آجائیں وہ قوم کے حال ہی پر غالب نہیں آیا کرتیں بلکہ قوم کے مستقبل پر بھی غالب آجاتی ہیں ، اور بد بچے دیتی ہیں ۔

پس وہ نیتیں جو بد اعمال پیدا کرتی ہیں ، بعد میں بد اعمال کے نتیجے بھی بد نیتوں کی صورت میں پیدا ہوتے ہیں اور ان کے نتیجے میں پھر نئے بد اعمال پیدا ہوتے ہیں تو بدیوں کے فروغ کا ایک بہت ہی خطرناک سلسلہ چل پڑتا ہے جس کو روکنا پھر انسان کی طاقت میں نہیں رہتا اور یہ عجیب بات ہے کہ دنیا میں تیزی کے ساتھ فروغ پانے والی چیزیں بدیاں ہیں ۔ نیکی بھی فروغ پاتی ہے لیکن آہستگی کیساتھ اور پاؤں جما کر ۔ بدی بہت تیزی کیساتھ فروغ پکڑتی ہے ۔ چنانچہ اب دیکھیں کہ دنیا میں زندگی کی مختلف قسم میں سب سے زیادہ تیزی سے بڑھنے والی چیز بکٹیریا ہیں ۔ وہ جراثیم جو زندہ چیزوں کی صحت پر حملہ کرتے ہیں اور دنیا کے ہر جانور ، ہر سبزی اور ہر نوع کی مخلوقات سے ان کا تعلق "پیرا سائٹ" کا تعلق ہوتا ہے ۔ یعنی ان کے جسموں پر وہ غالب آتے ہیں ۔ ان کے جسم کے سہارے زندہ رہتے ہیں ۔ اور اتنی تیزی سے نشوونما پاتے ہیں کہ ان کی نشوونما کو دنیا کی کوئی طاقت روک نہیں سکتی ۔ آناً فاناً ایک جرثومہ جسم میں داخل ہو کر بعض دفعہ چند گھنٹوں میں ، بعض دفعہ چند دنوں میں ارب ہا ارب کی تعداد کو پہنچ جاتا ہے تو بدیاں بھی بالعموم اسی طرح تیزی کے ساتھ پھیلنے والی چیزیں ہیں اور نیکیوں کے لئے صبر چاہیئے جسکا مطلب یہ ہے کہ نیکی آہستگی سے بڑھتی ہے اور پاؤں جما کر آگے بڑھنا پڑتا ہے ۔

ایک توبہ کرنیوالے کی مثال

پس اس پہلو سے جماعت احمدیہ کی جدوجہد بہت ہی اہم بھی ہے اور بہت مشکل بھی ہے ۔ اتنے کٹھن مراحل ہیں کہ ان کے اوپر آپ غور کریں تو ہوش اڑ جاتے ہیں کہ ہم میں طاقت کہاں ہے کہ ہم ان ذمہ داریوں کو ادا کر سکیں مگر خدا نے ہم پر جو ذمہ داری ڈالی ہے خواہ ادا نہ کر سکیں یعنی اپنے مقصد کو حاصل نہ کر سکیں اگر اس راہ میں مارے جائیں گے ۔ تو یہی نجات ہے ۔ یہ ناکامی نہیں ہے ۔ چنانچہ حضرت اقدس محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے ایک توبہ کرنے والے کا نقشہ اس رنگ میں کھینچا جس کی تفصیل سے میں پہلے بھی آپ کو آگاہ کر چکا ہوں مگر اب صرف وہ حصہ بیان کرتا ہوں جس کا اس مضمون سے تعلق ہے ۔ ایک سال یا سال کا عمر بھر کا گناہگار جب توبہ کرنے کی خاطر صلحاء کے ایک شہر کی طرف جا رہا تھا تو رستے میں اس کو موت آگئی ۔ لیکن مرنے سے پہلے وہ کہنیوں اور گھٹنوں کے بل گھسٹتا ہوا جہاں تک اس کی طاقت تھی اس سمت میں بڑھتا رہا وہ جانتا تھا کہ اسے اسکی موت سفر کے اختتام سے پہلے آلے گی ۔ وہ جانتا تھا کہ اس طرح گھسٹنے کے باوجود وہ شہر جو ابھی بہت دور تھا ، جو تقریباً نصف فاصلے پر تھا اس تک نہیں پہنچ سکے گا لیکن نیت میں صفائی تھی اور نیت میں مضبوطی تھی ۔ اس کا دل بے قرار تھا کہ جس طرح بھی ممکن ہو بدیوں کے شہر کو چھوڑ کر "الی اللہ" ہجرت کر سکوں ۔ چنانچہ وہ اس تمثیلی نظارے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو یوں دکھلایا گیا کہ وہ گھسٹتا ہوا آخر دم تک کوشش کرتا رہا کہ وہ نیکیوں کے شہر کی طرف بڑھ جائے ۔ بہت ہی پیاری تمثیل ہے جس کی تفاصیل میں پہلے بیان کر چکا ہوں لیکن یہ نکتہ آپ دیکھیں کہ اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو بتلایا گیا کہ خدا کے فرشتے جو بدی اور نیکی کے فرشتے تھے انہوں نے اسکا معاملہ خدا کے حضور پیش کیا ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ دونوں طرف کے فاصلے ناپو ۔ اگر بد شہر جس سے وہ ہجرت کر کے نیک شہر کی طرف جا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

